© rasailojaraid.com



پچاس روپے ہے۔ قیمت، یقیناً بہت کم ہے، جسے مرتب اور ناشر کا مالی ایثار ہی کہنا چاہیے۔ اور یہ قابلِ صد ستائش ہے۔

یہی مجموعہ "مجالس حضرت رائے پوریؒ" کے نام سے ۱۹۹۶ء میں، اسی مکتبہ سے شائع ہوا تھا۔ اس کے محرک بھی مولانا محمد عبداللہ صاحب تھے۔ مجموعہ کی تازہ اشاعت میں، ضخامت گھٹائی گئی ہے اور عبارات و اشارات کو سلجھایا گیا ہے۔ اب ضرورت اس بات کی ہے کہ حضرت علیہ الرحمۃ کے ارشادات و ملفوظات کے سب مجموعوں کو از سر نو، موضوعاتی ترتیب کے ساتھ، سلسلہ وار مدون کیا جائے اور توضیحات و حواشی کا اہتمام بھی کیا جائے۔

## ختم المرسل صلی اللہ علیہ وسلم:

جنابِ سید امین گیلانی پاکستان کے بزرگ شعراء میں سے ہیں۔ ابتداء میں ان کا میلان غزل کی طرف تھا۔ پھر انہی کے بقول حضرت امیرِ شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمہ اللہ کی تربیت اور توجہ سے طبیعت کا رجحان نظم کی طرف ہو گیا۔ وہ ایک طویل عرصہ تک مجلس احرار اسلام کے اسٹیج کی رونق رہے اور ان کی انقلابی نظمیں کارکنان احرار کے حوصلے بڑھاتی رہیں۔ ان کا پڑھنے کا انداز سب سے منفرد ہے۔ حقیقت ہے کہ وہ جلسوں پر چھاجایا کرتے تھے۔ انہوں نے غزل اور نظم کے ساتھ ساتھ نعتیں بھی کہیں اور خوب کہیں۔ جناب سید امین گیلانی کے فرزند محترم سید سلمان گیلانی بھی شاعر ہیں۔ ان کی شاعری اور لہجہ میں اپنے والد محترم ہی کا عکس ہے۔ خوب لکھتے ہیں اور خوب پڑھتے ہیں۔ سید کاشف گیلانی بھی ان کے عزیز ہیں۔ نظم کے شاعر ہیں لیکن اب حمد و نعت اور غزل بھی کہتے ہیں۔ نقیب ختم نبوت میں ان کی نگارشات شائع ہوتی رہتی ہیں۔ حال ہی میں ان تینوں شعراء کی نعتوں پر مشتمل ایک کیسٹ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ محمد الیاس چودھری کی خوبصورت آواز میں یہ خوبصورت نعتیں بہت ہی لطف انگیز ہیں۔ یہ کیسٹ پاک ریکارڈنگ سنٹر A-84 پہلی منزل کریم سنٹر صدر کراچی سے مل سکتی ہے۔

پاکستان کے پچاس سال مکمل ہونے پر ماہنامہ **"الحق"** (دارالعلوم حقانیہ، اکوڑہ خٹک) کا خاص شمارہ

* پاکستان کے نامور اہل قلم، محققین، علماء اور دینی و قومی درد رکھنے والے
* دانشوروں کے مقالات * تحقیق کے نئے گوشے اور زاویے * پچاس سالہ رودادِ سفر
* مقصد تخلیق پاکستان سے مسلسل انحراف * گولڈن جوبلی اور پاکستان
* کیا سرسید دو قومی نظریہ کے بانی تھے۔ * تحریک آزادی و تحریک پاکستان میں علماء کا روشن کردار
* جمہوریت کا تجربہ * نظریہ پاکستان اور بانی پاکستان * مسلسل ناکامیوں کی داستانِ الم
* اہم معلومات * سنسنی خیز انکشافات * اور چشم کشا تجزیے

صفحات: 164 قیمت: 35 روپے

دفتر ماہنامہ "الحق" دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک (ضلع نوشہرہ)

© rasailojaraid.com